askari bank
LIMITED



# عسکری اسمارٹ لائف - ریٹائرمنٹ پلان

Jubilee
LIFE INSURANCE

پوری زندگی کے کام کاج اور محنت کے بعد ہر شخص ذہنی سکون اور مالی آسودگی چاہتا ہے۔عسکری بینک ، جوبلی لائف کے تعاون سے پیش کرتا ہے عسکری اسمارٹ لائف - ریٹائرمنٹ پلان، جو آپکو اعتماد کے ساتھ نئی منزلیں پار کرنے اور نئے اہداف حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس پلان میں مستقل ادائیگیاں کر کے آپ اس فکر سے آزاد ہو سکتے ہیں کہ آپکی اگلی آمدن کیسے ہوگی یا کہیں آپ اپنے پیاروں پر بوجھ تو نہیں بنیں گے۔

- آپکی ریٹائرمنٹ کے لئے بچت کے ساتھ آپکے خاندان کے لئے یقینی لائف انشورنس کی ضمانت
- پلان کی تکمیل پر پنشن کا اختیار تا کہ آپ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اپنا معیار زندگی یوں ہی جاری رکھ سکیں
- آپکی بچت سے آپکی مرضی کے فنڈز میں سرمایہ کاری
- بیمہ کی رقم از خود منتخب کرنے کی سہولت، جو آپکے انتقال کی صورت میں آپکے خاندان اور پیاروں کو ادا کی جائے گی
- مختلف اختیاری فوائد کے ذریعے تحفظ میں اضافہ کی سہولت
- پالیسی کی مدت کے دوران اضافی بچت سے سرمایہ کاری میں اضافہ کی سہولت

## تحفظ:

آپکی موت کی صورت میں آپکے نامزد کردہ ورثاء، ڈیتھ بینیفٹ کی صورت میں ڈھائی لاکھ سے دس لاکھ روپے*اور پریمیئم ادائیگیاں یا پالیسی کی کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو، حاصل کرسکیں گے۔

پالیسی ہولڈر کو حاصل ڈیتھ بینیفٹ میں پریمیئم کی ادائیگی کے مطابق رد و بدل ہو سکتا ہے۔ پریمیئم ادائیگی میں ایڈ ہاک پریمیئم کی شمولیت نہیں ہوگی اور اس میں قبل ازیں کی گئی جزوی دستبرداری کی رقم پہلے ہی کاٹ لی جائے گی (اگر کی گئی ہوتو)۔

*انڈر رائٹنگ کے نتائج پر منحصر

## پلان کی تکمیل:

پلان کی تکمیل پر آپ پالیسی کی کیش ویلیو کے اہل ہوں گے۔ پلان کی تکمیل پر اگر آپکی عمر 55 سال یا اس سے زائد ہے تو آپکو یہ اختیار دیا جائے گا کہ آپ اپنی کیش ویلیو کو پنشن کے طور پر استعمال کرسکیں ۔ یہ اختیار خاص طور پر ایسے افراد کے لئے

ترتیب دیا گیا ہے جو ریٹائرمنٹ پر یکمشت رقم کے بجائے مستقل بنیاد پر ملنے والی رقم کو ترجیح دیتے ہیں۔

## اختیاری فوائد:

آپ مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی اختیاری فائدہ اپنے پلان کے ساتھ منسلک کر سکتے ہیں:

### حادثاتی موت:

حادثاتی موت واقع ہونے کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت اضافی رقم کی ادائیگی کی جائیگی۔

### حادثاتی موت اور معذوری:

حادثاتی موت اور معذوری کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت ایک اضافی رقم کی ادائیگی کی جائے گی۔

### ہاسپٹلائزیشن کیش رائڈر:

ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یومیہ ادائیگی ہوگی۔ مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یہ بینیفٹ دگنا ادا کیا جائے گا۔ انتہائی نگہداشت وارڈ میں داخلے کی صورت میں اضافی فوائد کی ادائیگی ہوگی۔ اس بینیفٹ کے تحت بچوں اور جیون ساتھی کو بھی کور کیا جا سکتا ہے۔

## فنڈز مینجمنٹ:

جوبلی لائف مندرجہ ذیل فنڈز کی سہولت پیش کرتی ہے۔آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ میں جمع کروا سکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کے حصے کر کے ایک سے زائد فنڈز میں جمع کروا دیں۔

### مینجڈ فنڈ: (Managed Fund)

اس فنڈ کا مقصد شیئرز، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش ڈپازٹس میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔

### میثاق فنڈ: (Meesaq Fund)

اس فنڈ کا مقصد سرمایہ کاروں کو بلاسود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینک کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کار آمد بلاسود

سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

جوبلی لائف آپکو پالیسی سال کے دوران چار بار مفت سوئچنگ کی اجازت دیتی ہے۔ پانچویں بار سوئچنگ پر چارجز لاگو ہوں گے جو سوئچ سے پہلے ہی آپکی کیش ویلیو/یونٹ اکاؤنٹ سے کاٹ لئے جائیں گے۔

## ایڈ ہاک پریمیئم ادائیگی:

آپ پالیسی کی میعاد کے دوران اضافی رقم کی سرمایہ کاری کر کے اپنی باقاعدہ سرمایہ کاری میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

## میچورٹی سے قبل رقم کا حصول:

آپ اپنے فنڈز سے کسی بھی وقت (مکمل یا جزوی طور پر) دستبردار ہو سکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے پالیسی کے دو سال کا پریمیئم ادا کر رکھا ہو۔

## جزوی دستبرداری:

اگر آپ کسی ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے رقم نکلوانا چاہتے ہیں مگر پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ کم از کم 15,000 روپے نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ دستبرداری کے بعد پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو کم از کم 18,000 ہزار روپے ہو۔

## مکمل دستبرداری:

دستبرداری کے وقت آپکو پالیسی کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ ابتدائی سالوں میں دستبرداری کے نتیجے میں کیش ویلیو میں کمی کا اندیشہ ہے۔

## مزید معلومات:

## یونٹ ایلوکیشن:

آپکے پریمیئم کی اس طرح ایلوکیشن ہو گی:

| پالیسی سال | ایلوکیشن (سالانہ بنیادی پریمیئم کا تناسب) |
|---|---|
| 1 | 35% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4اور5 | 100% |
| 6اور آگے | 103% |
| ایڈہاک | 100% |

## اہلیت اور میعاد:

یہ پلان عسکری بینک کے ان تمام صارفین کے لئے ہے جنکی عمر 18 سے 65 سال تک ہے ۔ پلان کی کم از کم میعاد 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 57 سال ہے بشرطیکہ پلان کی تکمیل پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

## پریمیئم ادائیگی:

پلان کا بنیادی سالانہ پریمیئم 18,000 روپے ہے۔آپ اپنا پریمیئم سالانہ،ششماہی،سہ ماہی یا ماہانہ بنیاد پر ادا کر سکتے ہیں۔

## مفت تجرباتی دورانیہ:

جوبلی لائف آپکو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے کی سہولت پیش کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ پالیسی دستاویز کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف اس سلسلے میں صارف کے طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتی ہے ۔

## چارجز:

پلان پر درج ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

| | |
|---|---|
| بڈ / آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5% |
| انویسٹمینٹ مینجمنٹ چارج | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| انتظامی فیس | 60 روپے ماہانہ |
| مورٹیلٹی چارجز | قابل اطلاق |

* جوبلی لائف کی جانب سے تمام چارجز پر نظر ثانی کی جا سکتی ہے

## ڈسکلیمرز:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی طرف سے مرتب کردہ ہے۔ عسکری بینک لمیٹڈ اور اسکے منسلکہ ادارے نہ ہی اس پراڈکٹ کے ضامن ہیں اور نہ ہی یہ بینک کی پراڈکٹ ہے۔
- جوبلی لائف فنڈز کی ماضی کی کارکردگی انکے مستقبل کی کارکردگی کی ضامن نہیں ہے۔ اس مد میں کسی بھی پیش گوئی اور جوبلی لائف فنڈ کی کارکردگی پر جوبلی لائف اور عسکری بینک جوابدہ نہیں۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپکو ہمارا سیلز کا نمائندہ فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی دیئے گئے مفروضے کی شرائط و ضوابط کا اچھی طرح مشاہدہ کرلیں۔
- شرائط و ضوابط کے تفصیلی جائزے کے لیے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- عسکری بینک، جوبلی لائف کے لیے تقسیم کار کا کام کر رہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد، یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف اس پراڈکٹ کی تحریر کردہ ہے اور بیمہ شدہ افراد اور ورثاء کو کلیم کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہے۔

## جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: 74/1-A لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000 ، پاکستان

فون: 35205095(021) فیکس: 35610959 (021)

ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یو اے این: 111-111-554 (021) ایس ایم ایس: 8398 پر "JUBILEELIFE"

## عسکری بینک لمیٹڈ:

ہیڈ آفس، فرسٹ فلور، اے ڈبلیو ٹی پلازہ، دی مال، راولپنڈی، پاکستان

یو اے این: 111-000-787 فیکس: 9272455(051)

ویب سائٹ: www.askaribank.com.pk